"لا الہ الا اللہ&" کی فضیلت

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:&"اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: اللہ کے علاوہ کسی اور ذات کے معبود نہ ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ کے رسول ہونے کی گواہی دینا، نماز پڑھنا، زکاۃ دینا، حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا&"(اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:&"سب سے بہتر بات جو میں نے اور مجھ سے پہلے والے نبیوں نے کہی ہے، وہ یہ ہے: &"ایک اللہ کے سواء کوئی اور معبود برحق نہیں ہے، اور نہ اللہ کا کوئی اور شریک ہے، اسی کی بادشاہت ہے، ساری بڑائی اسی کے لئے ہے، اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے&"(اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے)

&"لا الہ الا اللہ&"کے اساس پر اللہ تعالی نے جنت کو مزین و آراستہ کیا ہے، جہنم کو بھڑکایا ہے، اور نیکی و بدی کا بازار لگایا ہے۔